# 02-05-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں۔

۱۔ وزیراعظم نریندر مودی نے آج آندھراپردیش کے دارالحکومت امراوتی میں 58 ہزار کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پراجکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا۔

۲۔ ممبئی میں منعقدہ گلوبل میڈیا ڈائیلاگ کے دوران آج ویوز ڈکلریشن کو اختیار کیا گیا۔

۳۔ ریاستی وزیر ریونیو پی سرینواس ریڈی نے ضلعی عہدیداروں اور متعلقہ افسران کو ہدایت دی کی وہ شہری علاقوں کے ہر اسمبلی حلقہ میں کم از کم 500 اندراماں مکانات الاٹ کرے۔

اور

۴۔ ریاست میں گرمی کی لہر میں اضافہ کے تناظر میں حکومت نے تمام متعلقہ محکموں پر زور دیا کہ وہ عوام کی سلامتی اور صحت کی حفاظت کیلئے درکار ضروری اقدامات کرے۔

HEATWAVE

ریاست میں گرمی کی لہر میں اضافہ کے تناظر میں حکومت نے تمام متعلقہ محکموں پر زور دیا کہ وہ عوام کی سلامتی اور صحت کی حفاظت کیلئے درکار ضروری اقدامات کرے۔ ریاستی وزیر ریونیو پی سرینواس ریڈی نے سکریٹریٹ میں 12 محکموں کے عہدیداروں کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کے بعد یہ ہدایت جاری کی۔ محکمہ موسمیات کی جانب سے تلنگانہ میں جون تک درجہ حرارت میں اضافہ رہنے کی پیش قیاسی کے تناظر میں یہ اجلاس منعقد کیا گیا۔ تلنگانہ اسٹیٹ ڈیزاسٹر ڈپارٹمنٹ نے محکمہ موسمیات کے ساتھ مل کر جامع لائحہ عمل تیار کیا ہے۔ اجلاس کے دوران ریاستی وزیر سرینواس ریڈی نے اس منصوبہ کو جاری کیا۔ ریاست کے 612 منڈلوں میں سے 588 منڈلوں کو سرکاری طور پر گرمی سے متاثرہ قرار دیا گیا ہے۔

TPCC:

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ، ریاستی وزیر پونم پربھاکر اور تلنگانہ کانگریس کے بی سی قائدین کے ایک وفد نے آج راج بھون میں گورنر جشنو دیو ورما سے ملاقات کی۔ اس وفد نے پسماندہ طبقات کو سیاست اور تعلیم میں 42 فیصد تحفظات کے بل کو منظور کرنے پر گورنر کا شکریہ ادا کیا۔ تلنگانہ مقنّنہ کے دونوں ایوانوں میں 8 اپریل کو یہ بل منظور کیا گیا تھا، بعد میں گورنر نے اِس کو منظور کرتے ہوئے صدر جمہوریہ کے پاس روانہ کیا۔ گورنر سے ملاقات کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے ریاستی کانگریس کے صدر مہیش کمار گوڑ نے کہا کہ ذات پات پر مبنی مردم شماری کرانے میں تلنگانہ ملک کی پہلی ریاست

بن گئی ہے۔انہوں نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو اِس کامیابی کا سہرا باندھا اور کہا کہ 42 فیصد بی سی ریزرویشن کے قانونی نفاذ میں کا ماریڈی ڈکلریشن کا اہم رول ہے۔انہوں نے کہا کہ کانگریس پارٹی کے سینئر لیڈر راہول گاندھی کی دوراندیش قیادت سے یہ ممکن ہوسکا ہے۔

WEATHER:

تلنگانہ میں آئندہ پانچ دنوں تک تیز ہواوں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے اپنی یومیہ رپورٹ میں بتایا کہ آئندہ تین دنوں تک ریاست میں اعظم ترین درجہ حرارت میں خاطرخواہ تبدیلی نہیں ہوگی۔گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے بعض مقامات پر بارش ہوئی ہے۔نظام آباد میں کل سب سے زیادہ درجہ حرارت 42.5 ڈگری سلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

MISS WORLD

حیدرآباد میں اِس مہینہ کی 10 تاریخ سے منعقد ہونے والے مقابلہ حُسن مس ورلڈ کے 72 ویں ایڈیشن کے انعقاد کی تیاریاں زوروشور سے جاری ہیں۔مس ورلڈ لمیٹڈ کی چیرپرسن وسی ای او جولیا اولین مورلے آج صبح حیدرآباد پہنچیں۔مقابلہ حسن میں دنیا بھر سے 120 سے زیادہ حسینائیں حصہ لیں گی۔مورلے نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تلنگانہ حکومت سے اشتراک پرانہیں خوشی ہے۔اِس ایونٹ کے ذریعہ تلنگانہ کی ثقافت دنیا بھر میں اجاگر ہوگی۔انہوں نے کہا کہ مس ورلڈ صرف ایک مقابلہ حُسن نہیں ہے بلکہ خواتین کو بااختیار بنانا اور دنیا بھر میں معنی خیز اثر چھوڑنا بھی ہے۔اسی دوران ریاستی محکمہ سیاحت نے ایک پروگرام مرتب کیا ہے اور ریاست کے مختلف مقامات پر ثقافتی ومسابقتی مقابلے منعقد کئے جائیں گے۔مقابلہ حسن میں حصہ لینے والی امیدواروں کو ریاست کے تاریخی مقامات جیسے چارمینار، چومحلّہ پیالس، رامپا ٹمپل اور یدادری ٹمپل کا دورہ کرایا جائے گا۔

WAVES HANDBOOK

وزارت اطلاعات ونشریات کی جانب سے ممبئی میں منعقد ہورہی ویوز سمٹ میں کل میڈیا اور انٹرٹینمنٹ سیکٹر سے متعلق اعداد و شمار پر ایک ہینڈ بک جاری کی جائے گی۔میڈیا اور انٹرٹینمنٹ شعبہ سے متعلق حکومت کے منصوبوں اور اقدامات کے یہ اعداد و شمار رہیں گے۔وزارتِ اطلاعات ونشریات نے ایک بیان میں کہا کہ میڈیا اور انٹرٹینمنٹ خدمات شعبہ کا اہم جز ہے۔جس کا ملک کی معیشت میں اہم رول ہے۔ توقع کی جارہی ہے کہ یہ شعبہ سالانہ سات فیصد شرح ترقی سے آگے بڑھے گا اور سال 2027 تک یہ 3 ہزار ارب روپے تک پہنچے گا۔

WAVES DECLARATION:

گلوبل میڈیا ڈائیلاگ کے دوران آج ویوز ڈکلریشن کو اختیار کیا گیا۔ اِس موقع پر ارکان ممالک نے ثقافت و روایات کو فروغ دینے میں اشتراک پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ ممبئی کے جیو ورلڈ کنونشن سنٹر میں منعقدہ گلوبل میڈیا ڈائیلاگ میں 77 ممالک سے مندوبین نے شرکت کی۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور وزیر اطلاعات ونشریات اشونی ویشنو نے اس تقریب کی صدارت کی۔ تقریب میں شامل ممالک نے غلط معلومات کے پھیلاؤ کو روکنے میڈیا کی سالمیت کو فروغ دینے حقائق پر مبنی صحافت اور ذمہ دارانہ اشتہارات کیلئے اپنی رضامندی ظاہر کی۔ انہوں نے انسانی حقوق کا احترام کرنے والے مواد کی حمایت کرنے اور بین ممالک اشتراک میں ثقافت کی حساسیت کو برقرار رکھنے اور آپس میں مفاہمت کو مزید گہرا کرنے سے اتفاق کیا۔ ڈکلریشن میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور ترقی کے فروغ میں میڈیا اور انٹرٹینمنٹ کے اہم رول کا اعتراف کیا گیا۔

AshwiniSound Byte Jai Shankar &

SHEKHAWAT–SEMINIAR:

مرکزی وزیر سیاحت و ثقافت گجیندر شیکھاوت نے آج بھارت منڈپم نئی دہلی میں ایک سیمینار کا افتتاح کیا۔ اِس موقع شیکھاوت نے کہا کہ گزشتہ ایک دہائی کے دوران ہندوستان نے تقریباً ہر شعبہ میں بڑے پیمانے پر ترقی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں وسیع امکانات ہیں اور ہندوستان میں درکار ضروری انفرااسٹرکچر، بہتر مارکٹ اور وسائل دستیاب ہیں۔

PREZ–SENIORCITIZENS:

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ معمر شہری خاندان کا اہم حصہ ہوتے ہیں اور وہ خاندان کے جذباتی ستون کی حیثیت رکھتے ہیں۔ راشٹر پتی بھون میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ معاشرہ کی رہنمائی کیلئے معمر شہریوں کے مشورے کافی اہمیت رکھتے ہیں۔ صدر جمہوریہ نے عمر رسیدہ افراد کی سلامتی، صحت اور ان کے معیارِ زندگی کو بلند کرنے کیلئے مرکزی حکومت کی جانب سے کئے جارہے اقدامات پر خوشی کا اظہار کیا۔ تروپتی مرمو نے کہا کہ آیوشمان بھارت، پردھان منتری جَن آروگیہ یوجنا کے تحت 70 سال سے زائد عمر کے افراد کے علاج کی ذمہ داری حکومت نے لی ہے۔ اِس موقع پر صدر جمہوریہ نے سینئر سٹیزنس ویلفیر پورٹل لانچ کی۔ انہوں نے پانچ معمر شہریوں کے مکانات کا افتتاح کیا جس میں آندھرا پردیش اَنکا پلی کے ایک شہری کا مکان بھی شامل ہے۔ صدر جمہوریہ راشٹریہ وایوشری یوجنا کے تحت عمر رسیدہ افراد میں امدادی آلات بھی تقسیم کئے۔

IPL:

آئی پی ایل کرکٹ میں آج گجرات ٹائٹنس اورسن رائزرس حیدرآباد کے بیچ مقابلہ ہوگا۔احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے مقابلہ کا آغاز ہوگا۔کل جئے پور کے سوائی مانسنگھ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے ایک مقابلہ میں ممبئی انڈینز نے راجستھان رائلز کو 100 رنوں سے شکست دی۔

DAMAGE:

منچر یال ضلع کے کئی منڈلوں میں کل ہوئی غیر موسمی بارش اورژالہ باری کی وجہ سے آم کے کئی باغوں کونقصان پہنچا، جس کی وجہ سے آم کے کسانوں کو نقصانات کا سامنا کرنا پڑا۔ متاثرہ منڈلوں میں بھیمارم،نینل، بھیمینی، چنور، مندامری اور تھانڈور منڈل شامل ہیں۔کسانوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ نقصانات کا جائزہ لیتے ہوئے انہیں معاوضہ دے۔ اِسی دوران حکومت کے زیرانتظام ایک مرکز میں دھان کو بھی نقصان پہنچا ہے۔اچانک بارش کی وجہ سے ذخیرہ اندوزی مرکز میں رکھی ہوئی دھان گیلی ہوگئی ہے۔

REVENUE

ریاستی وزیر ریونیو پی سرینواس ریڈی نے ضلعی عہدیداروں اور متعلقہ افسران کو ہدایت دی کی وہ شہری علاقوں کے ہر اسمبلی حلقہ میں کم ازکم 500 اندراماں مکانات الاٹ کرے۔ ریاستی سکریٹریٹ سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ ضلع کلکٹروں سے بات کرتے ہوئے ریاستی وزیر نے اندراماں مکانات کے استفادہ کنندگان کی نشاندہی کے عمل میں تیزی لانے کی ہدایت دی۔انہوں نے کلکٹروں سے کہا کہ وہ مکانات کی تعمیر کیلئے 400 سے 600 اسکوائر فٹ کو یقینی بنائیں۔ریاستی وزیر نے بھو بھارتی ریونیو کانفرنس کے دوران چار منڈلوں میں درخواست گزاروں کے مسائل حل کرنے پر بھی زور دیا۔

EARLY PM AP

وزیراعظم نریندر مودی نے آج آندھراپردیش کے دارالحکومت امراوتی میں 58 ہزار کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پراجکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اورافتتاح کیا۔49 ہزار کروڑ روپے لاگت کے 74 پراجکٹس میں اسمبلی،سکریٹریٹ، ہائی کورٹ، عدلیہ کے رہائشی کوارٹرس کی تعمیر شامل ہے۔ اِس موقع پر وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ امراوتی میں ترقیاتی کاموں کے دوبارہ آغاز سے نئی امراوتی اور نئے آندھرا کا خواب شرمندہ تعبیر ہورہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ ترقیاتی کام وکست بھارت کی مضبوط بنیاد ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ امراوتی اب آندھراپردیش کو جدید آندھراپردیش بنادے گی اورنوجوانوں کے خواب حقیقت میں بدلیں گے کیونکہ دارالکومت میں تمام نئی ڈیجیٹل سہولیات دستیاب رہیں گی۔آندھراپردیش کے وزیر اعلیٰ چندر بابو نائیڈو نے کہا کہ ڈبل انجن حکومت میں ہی ریاست کی ترقی ممکن ہے۔ اس سے قبل چندرابابو نائیڈو نے وزیراعظم کوتہنیت پیش کی اورانہیں کلمکاری آرٹ سے تیار کردہ وزیراعظم کا پوٹریٹ حوالہ کیا۔